سوال

(168) عورتوں کا اجنبی (غیر محرم) مردوں کو دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عورتوں کا اجنبی مردوں کو دیکھنا شرعاً کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اجنبی مردوں کی تصویریں دیکھنے کے بارے میں ہم عورتوں کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ سب سے بہتر بات یہ ہے کہ مرد و زن ایک دوسرے کو نہ دیکھیں، کشتیوں اور دوسرے کھیلوں وغیرہ کے مقابلے دیکھنے میں کوئی فرق نہیں ہے۔ چونکہ عورت میں قوت برداشت کی کمی ہوتی ہے اور عام طور پر فلمیں وغیرہ اور پرفتن تصویریں شہوت انگیز (شہوت کے جذبات بھڑکانے والی) اور باعث فتنہ وفساد ہوتی ہیں، لہذا اس کے اسباب وذرائع سے دور رہنا سلامتی کے قریب ہے۔ واللہ المستعان

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

نکاح، صفحہ: 182

محدث فتویٰ